International Day of
People with Disability

معذور افراد کا عالمی دن کیا ہے؟

Urdu | اردو

معذور افراد کا عالمی دن یا انٹرنیشنل ڈے آف پیپل ود ڈس ایبلٹی (IDPwD) اقوام متحدہ (UN) کی جانب سے ہر سال 3 دسمبر کو منایا جانے والا ایک تسلیم شدہ دن ہے۔ IDPwD کا مقصد آسٹریلیا میں 5.5 ملین معذور افراد کے بارے میں آگاہی، سمجھ بوجھ اور قبولیت بڑھانا ہے۔

3 دسمبر

اقوام متحدہ ایک بین الاقوامی ادارہ ہے جہاں ممالک عالمی مسائل پر بات چیت کرنے اور ان کا حل تلاش کرنے کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔ آسٹریلیا اقوام متحدہ کے بانی ارکان میں سے ایک ہے۔

1992 میں اقوام متحدہ نے 3 دسمبر کو معذور افراد کا عالمی دن قرار دیا تھا۔ ہر سال اقوام متحدہ ایک موضوع یا theme کا اعلان کرتا ہے جو معاشرے کو معذور لوگوں کے لیے رکاوٹوں کو دور کرنے اور انہیں مزید شامل کرنے پر توجہ دیتا ہے۔

دنیا بھر کے ممالک اس دن کو اپنے اپنے انداز میں مناتے ہیں۔ آسٹریلیا میں IDPwD حکومت، اسکولوں، تنظیموں، کمیونٹی گروپس، کاروباروں اور افراد کے درمیان ایک مشترکہ کوشش ہے۔

آسٹریلوی حکومت 1996 سے IDPwD کے حوالے سے معاونت کر رہی ہے۔ حکومت ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز کے ذریعے 3 دسمبر کو اور سال بھر کے دوران IDPwD کے بارے میں بیداری کو فروغ دیتی اور بڑھاتی ہے۔

IDPwD آسٹریلیا کی معذوری کی حکمت عملی 2021-2031 اور ایک جامع آسٹریلوی معاشرے کے لیے اس کے خیالات سے ہم آہنگ ہے۔

ایک جامع اور متنوع کمیونٹی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

آسٹریلیا میں معذوری

ماخذ: ڈس ایبلٹی، ایجنگ اینڈ کیئررز، آسٹریلیا سروے 2022، آسٹریلین بیورو آف اسٹیٹکس www.abs.gov.au/disability

5.5 ملین افراد

آسٹریلیا میں کسی معذوری کا شکار ہیں - اس کا مطلب ہے ہر 5 میں سے 1 فرد۔

37%

ہر 3 معذور افراد میں سے 1 فرد شدید یا سنگین معذوری کا شکار ہے۔

معذوری کے ساتھ رہنے والے ہر 10 میں سے 1 شخص کو امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

آسٹریلیا میں معمر افراد کی نصف سے زائد تعداد معذوری کا شکار ہے۔

56%

15 سے 64 سال کی عمر کے 56% افراد نوکری کرتے ہیں۔

مزید جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں اور کہانیوں، ویڈیوز اور وسائل تک رسائی حاصل کریں۔

آپ باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے IDPwD نیوز لیٹر کو بھی سبسکرائب کر سکتے ہیں۔

www.idpwd.com.au

ہمیں فالو کریں

@idpwd
facebook.com/idpwd

@idpwd_au
instagram.com/idpwd_au

DSS3017.06.23